ادبیات

عیدِ جاوداں

از جناب روش صدیقی

سفرِ شوق سرِ منزلِ اتمام ہے آج / فضل و الطافِ خداوند کا ہنگام ہے آج
زندگی کے لئے تسکین کا پیغام ہے آج / رحمتِ خاص، زمانے کے لئے عام ہے آج
دورِ کونین میں ہے عشرتِ روحانی کا / وقت آیا ہے محبت کی جہاں بانی کا

؎

مرحبا! حاصلِ بیداریٔ شب ہائے صیام / سحرِ عید ہوئی منزلِ لیلائے صیام
مہِ نو بن کے اٹھا نقشِ کفِ پائے صیام / زینتِ مسندِ امروز ہے فردائے صیام
آج تکمیلِ مسرت ہے مسلماں کے لئے / عیدِ فطرت ہے ہر اک بندۂ یزداں کے لئے

؎

مگر اے بے خبرِ عالمِ اسرارِ نشاط / نہ سمجھ عید کو سرمایۂ بازارِ نشاط
سخت مشکل ہے حصولِ گلِ بے خارِ نشاط / طالبِ آتشِ ایثار ہے گلزارِ نشاط
عید کچھ بھی نہیں پیمانِ صداقت کے سوا / خونِ دل، سوزِ وفا، شعلۂ الفت کے سوا

؎

محرمِ رازِ مقاماتِ بقا ہونے پر / شاہدِ عظمتِ پیمانِ وفا ہونے پر
پختہ تر آتشِ تسلیم و رضا ہونے پر / ہدیۂ عشق کے مقبولِ خدا ہونے پر
سجدۂ شکر محبانِ خدا کرتے ہیں / حق ادا عید کا اربابِ وفا کرتے ہیں

؎

بہاراں نہیں

ت حور نہیں ہے صلۂ ماہِ صیام | بادۂ نور نہیں ہے صلۂ ماہِ صیام
ۂ طور نہیں ہے صلۂ ماہِ صیام | خلد مسرور نہیں ہے صلۂ ماہِ صیام
کیا کہوں طالعِ بیدار کو کیا ملتا ہے | اسی منزل میں تو بندوں کو خدا ملتا ہے

ِ کونین کو سینے سے لگانے کے لئے | رحمتِ عام کا پیغام سنانے کے لئے
رحِ خوابیدۂ انسان کو جگانے کے لئے | امتیازات کی لعنت کو مٹانے کے لئے
خدمتِ خلق کا فرمانِ جلی ہے روزہ | دلِ انسان کو نویدِ ازلی ہے روزہ

ر کے ساتھ مصیبت کو گوارا کرنا | بہ خوشی رنج و اذیت کو گوارا کرنا
یٔ جام صداقت کو گوارا کرنا | سختیٔ راہِ محبت کو گوارا کرنا
از پئے دوست ہر اک حال میں شاداں ہونا | حاصلِ صوم ہے وارفتۂ جاناں ہونا

بھوک اور پیاس کی تشہیر نہیں ہے روزہ | خلوتِ زہد کی تعمیر نہیں ہے روزہ
خوابِ فردوس کی تعبیر نہیں ہے روزہ | ضبطِ مجبور کی تصویر نہیں ہے روزہ
بندۂ قادر و قیوم کی معراج ہے یہ | سرفرازِ درِ یزداں کے لئے تاج ہے یہ

منزلِ رنج و مسرت سے گذرنے کے لئے | طلبِ کوثر و جنت سے گذرنے کے لئے
قیدِ ہر لذت و کلفت سے گذرنے کے لئے | شبِ اوہام کی ظلمت سے گذرنے کے لئے

سفرِ زیست میں اک شمعِ ہدیٰ ہے روزہ
قاصدِ مژدۂ دیدارِ خدا ہے روزہ

عید ہے ملتِ بیضا کے لئے صبحِ جلال — عید ہے غازۂ فروزِ رخِ خورشیدِ کمال
لمحہ، لمحہ، سحرِ عید کا آزادِ زوال — عید ہے زندہ کنِ عظمت وجاہ واقبال
رازِ بیداریِ جمہور کی تفسیر ہے عید — کوکبِ صبحِ مساوات کی تقدیر ہے عید

مشرقِ مہر ووفا عید مسلماں کے لئے — جنتِ صدق وصفا عید مسلماں کے لئے
منزلِ لطفِ خدا عید مسلماں کے لئے — اب بھی ہے جامِ بقا عید مسلماں کے لئے
میگساروں میں ہی وہ روح نہیں باقی ہے — نشۂ بادہ ابھی منتظرِ ساقی ہے

عید گہوارۂ اسرارِ جہاں بانی ہے — عید پیغامبرِ عظمتِ انسانی ہے
عید آیاتِ الٰہی کی درخشانی ہے — عید اعمالِ جہاں تاب کی تابانی ہے
عید اس ملتِ خفتہ کو سزاوار نہیں — جس کی نبضوں میں وہ آتشِ کردار نہیں

نغمہ جز آتشِ خاموش ہی کچھ بھی نہیں — نشہ جز کیفِ غمِ نیم شبی کچھ بھی نہیں
جز غمِ عشق شرابِ عنبی کچھ بھی نہیں — روحِ بے سوز کی جنت طلبی کچھ بھی نہیں
جلوۂ شام نہ تنویرِ سحر سے پیدا — عید ہوتی ہے ترے سوزِ جگر سے پیدا

تجھکو خوشنودیٔ غفار ہے محبوب اگر — پیرویٔ شہِ ابرار ہے محبوب اگر
زندگیٔ دلِ بیدار ہے محبوب اگر — اسوۂ احمدِ مختار ہے محبوب اگر
سحرِ عید ہے سوزِ ابدی پیدا کر
سجدۂ عشق سے محرابِ خودی پیدا کر